# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 16 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بھارت دنیا کی بڑی بحری قوت بن کراُ بھر رہا ہے: وزیرِاعظم نریندر مودی کا عندیہ۔

☆ یومِ مسلح افواج کل ملک بھر میں منایا گیا؛ وزیرِ دفاع کی موجودگی میں پونا میں مرکزی پریڈ کا انعقاد۔

☆ اجنتا-ایلورہ فلم فیسٹیول کے سبب مراٹھواڑہ کے نوجوانوں میں فلمی خواندگی ہوئی ہے: پدم پانی لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ یافتہ بزرگ مصنفہ وہدایت کار سائی پرانجپے کا اظہارِ خیال۔

☆ مکوکا کے تحت گرفتار والمک کراڈ کو 22 تاریخ تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم۔

اور۔۔۔☆ راجکوٹ ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں آئر لینڈ کو 304 رنوں سے شکست دیکر بھارت کی خواتین کی ٹیم نے سیریز تین-صفر سے جیت لی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا بھر میں اہم بحری قوت بن کراُ بھر رہا ہے۔کل ممبئی میں بحریہ کے دو جنگی جہاز آئی این ایس سورت اور آئی این ایس نیل گری اور ایک جنگی آبدوز واگ شیر کو بحریہ میں شامل کیا گیا۔اس موقع پر منعقدہ تقریب سے وہ خطاب کر رہے تھے۔انھوں نے کہا:

*''آج بھارت پورے وِشو اور خاص کر گلوبل ساؤتھ میں ایک بھروسے مند اور ذمہ دار ساتھی کے روپ میں پہچانا جارہا ہے۔بھارت وِستار واد نہیں' بھارت وِکاس واد کی بھاؤنا سے کام کرتا ہے۔بھارت نے ہمیشہ اوپن' سیکوئیر' انکلیوزیو اور پراسپرس انڈو پیسیفک ریجن کا سمرتھن کیا ہے۔ہمارا ایک سمرڈھ اتہاس رہا ہے۔اپنے اِتہاس سے پریرنا لیتے ہوئے آج کا بھارت دنیا کی ایک میجر میری ٹائم پاور بن رہا ہے۔''*

نریندر مودی نے مزید کہا کہ چھترپتی شیواجی مہاراج نے بھارتی بحری فوج کی بنیاد رکھی تھی اور شیواجی مہاراج کی سرزمین سے بحریہ کو استحکام بخشا جارہا ہے۔بحری شعبے میں گذشتہ دس برسوں میں بندرگاہوں کی ترقی' سرحدی علاقوں میں بڑھتے روابط' بھارت مالا یوجنا' وائبرنٹ وِلیج پروگرام جیسے منصوبے چلائے جارہے ہیں۔وزیرِاعظم نے کہا کہ ان کی حکومت بحریہ سمیت تمام مسلح افواج کو مزید طاقتور اور خود کفیل بنانے کو ترجیح دے رہی ہے۔اس موقع پر انھوں نے مہاراشٹر میں مجوزہ واڑھون بندرگاہ کا بھی تذکرہ کیا۔

وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ' گورنر سی پی رادھا کرشنن' وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور بحریہ کے افسران وملازمین بڑی تعداد میں اس موقع پر موجود تھے۔

اسی دوران نئی ممبئی کے کھارگھر میں واقع شری شری رادھا مدن موہن جی اِسکان مندر کا افتتاح بھی کل وزیرِاعظم کے ہاتھوں عمل میں آیا۔نوا یکڑ پر محیط اس منصوبے میں کئی دیوی دیوتاؤں کے مندر' ویدک تعلیمی مرکز' مجوزہ میوزیم' آڈیٹوریم اور مرکزِ صحت بھی شامل ہے۔

***** ***** *****

مسلح افواج کی لاثانی قربانیوں کوخراجِ عقیدت کے طور پر کل یومِ مسلح افواج ملک بھر میں منایا گیا۔ 1949 میں اسی دن اس وقت کے جنرل کے. ایم. کری اپّا نے آخری برطانوی کمانڈر ان چیف سے ہندوستانی فوج کی باگ ڈور سنبھالی تھی۔

ریاست میں یومِ مسلح افواج کی مرکزی پریڈ پونا کے بامبے انجینئرنگ گروپ میدان پر منعقد کی گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ یومِ افواج محض ایک دن کا پروگرام نہیں ہے بلکہ سال کے تمام 365 دن مسلسل ملک کی حفاظت کرنے والے فوجی جوانوں کا ہے۔ اس موقع پر فوجی سربراہ جنرل اُپیندر دِویدی نے گارڈ آف آنر قبول کیا۔ پولس دستے اور این سی سی کی طالبات کے دستے نے بھی اس پریڈ میں حصہ لیا۔ ناندیڑ ضلع کے بلولی تعلقے کے سگروڑی میں واقع چھترپتی شاہو فوجی کالج میں فوج کے دن کی مناسبت سے فضائیہ میں شامل جنگی طیاروں کی شبیہ ریڈیو کنٹرول کے ذریعے اُڑا کر شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ مگ 21 ' جیگوار - میراج 2000 ' مگ 29 ' سُکھوئی 30 اور تیجس سمیت اُڑتا ماسا اور اُری فلموں میں ریکی کیلئے استعمال ہونے والے آلات کی شبیہ بھی اس میں شامل تھیں۔

***** ***** *****

ادویات وخوراک انتظامی اُمور کے محکمے نے کل ایک ہی دِن میں دودھ میں ملاوٹ کی جانچ مہم کے دوران نو ہزار 62 دودھ کے نمونے جانچ کیلئے اپنے قبضے میں لیے۔ ان میں ریاست میں فروخت ہونے والے مختلف برانڈز کے دودھ کے 680 پیکٹس اور 382 کھلے دودھ کے نمونے شامل ہیں۔ خوراک وادویہ کے وزیر نرہری جھواڑ نے بتایا کہ اس جانچ کے دوران ملاوٹ پائے جانے پر خاطیوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کے احکامات انتظامیہ کو دے دیئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بزرگ مصنفہ، ڈرامہ نگار اور ہدایت کار سئی پرانجپے نے کہا ہے کہ اجنتا - ایلورہ فلم فیسٹیول کے باعث مراٹھواڑہ کا نوجوان طبقہ فلمی خواندگی حاصل کرسکا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں دسویں اجنتا - ایلورہ فلم فیسٹیول کا افتتاح کل عمل میں آیا۔ ایم جی ایم یونیورسٹی کے رُکمنی ہال میں منعقدہ اس پروگرام میں اس بار کا پدم پانی لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ پرانجپے کو دیا گیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ تاخیر سے ہی سہی لیکن میرے کام کو تسلیم کرتے ہوئے مجھے یہ ایوارڈ دیا گیا، جس کی مجھے خوشی ہے۔ پرانجپے نے کہا کہ مراٹھواڑہ کے شائقین کو اپنا لگنے والا یہ فیسٹیول اس بات کا ثبوت ہے کہ اس طرح کے پروگرام صرف پونا اور ممبئی ہی میں نہیں بلکہ مراٹھواڑہ میں بھی ہوسکتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ سینماء شائقین کیلئے ہوتا ہے اور شائقین کو چاہیے کہ وہ بھارت کی مختلف فلموں سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ ہدایت کار آشوتوش گواریکر، چندر کانت کلکرنی، ایم جی ایم یونیورسٹی کے وائس چانسلر انکش کدم' اداکارہ سیما بسواس' فیسٹیول کے ڈائریکٹر سنیل سکھتھنکر' وزیرِ اعلیٰ کے اُپر سیکریٹری وکاس کھارگے اور دیگر اہم شخصیات اس موقع پر موجود تھیں۔ بھارتی فلمی دنیا کے تاسیسی کردار دادا صاحب پھالکے کی ہدایت میں 105 سال قبل تیار کردہ خاموش فلم ''کالیا مردَن'' کی اس پروگرام سے قبل نمائش کی گئی۔ آئندہ 19 تاریخ تک چلنے والے اس فیسٹیول میں 65 قومی اور بین الاقوامی فلموں سمیت تین دستاویزی فلموں کی نمائش بھی کی جائیگی۔

***** ***** *****

انسدادِ منظّم جرائم قانون ( ملوکا ) کے تحت گرفتار ہونے والے والمک کراڑ کو کل بیڑ کی خصوصی عدالت نے آئندہ 22 تاریخ تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم دیا ہے۔کل ہوئی سماعت میں ضلع سرکاری وکیل باڑاصاحب کولہے نے عدالت میں استدلال پیش کیا کہ قتل کی سازش میں کراڑ کے شامل ہونے کے الزام اور ملوکا کے تحت ملزم کی املاک کی تحقیقات کیلئے وقت درکار ہے؛ جس پر عدالت نے انھیں 22 تاریخ تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم دیا۔حفاظت کی وجوہات کی بنیاد پر کراڑ کے خلاف مقدمہ بیڑ کی عدالت میں منتقل کیے جانے کے بعد پولس نے کل انھیں کیج سے بیڑ منتقل کیا۔سماعت کے بعد کراڑ کو عدالت سے باہر لاتے وقت ان کے حامی اور مخالفین بڑی تعداد میں وہاں جمع ہوگئے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ صورتحال کو قابو کرنے کیلئے پولس کو طاقت کا استعمال بھی کرنا پڑا۔

***** ***** *****

دریں اثناء، راشٹروادی کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر سنیل تٹکرے نے پارٹی کی بیڑ ضلع مجلسِ عاملہ برخاست کردی ہے۔راشٹروادی کانگریس کے بیڑ کے صدر راجیشور چوہان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مستقبل میں تعلقہ صدور اور ضلع صدر کی نامزدگی سے قبل ان کے کردار کو جانچ لیں۔سنتوش دیشمکھ کے قتل کے ملزمان وشنو چاٹے اور والمک کراڑ کے راشٹروادی کانگریس سے راست رابطوں کی بات سامنے آنے پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

خواتین کرکٹ میں راج کوٹ میں کھیلے گئے ایک روزہ میچ میں بھارت نے آئرلینڈ کو 304 رنوں سے شکست دے دی اور تین میچوں کی سیریز تین۔صفر سے اپنے نام کرلی۔کل کھیلے گئے میچ میں بھارتی خواتین نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 435 رن اسکور کیے۔ پرتیکا راول نے 154 اور کپتان سمرتی مندھانا نے 135 رن بنائے۔ جواب میں آئرلینڈ کی ٹیم 32 ویں اوور میں صرف 131 رن پر آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کی جانب سے دِپتی شرما نے تین اور تنوجہ کنور نے دو وِکٹ لیے۔

***** ***** *****

کھوکھو عالمی کپ میں بھارتی مردوں اور خواتین کی ٹیموں نے اپنی فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔مردوں کی ٹیم نے کل پیرو کی ٹیم کو 38-70 سے اور خواتین نے ایران کو 16-100 سے شکست دی۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بھارت دنیا کی بڑی بحری قوت بن کر اُبھر رہا ہے: وزیرِاعظم نریندر مودی کا عندیہ۔

☆ یومِ مسلح افواج کل ملک بھر میں منایا گیا؛ وزیرِ دفاع کی موجودگی میں پونا میں مرکزی پریڈ کا انعقاد۔

☆ اجنتا۔ایلورہ فلم فیسٹیول کے سبب مراٹھواڑہ کے نوجوانوں میں فلمی خواندگی ہوئی ہے: پدم پانی لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ یافتہ بزرگ مصنفہ وہدایت کار سائی پرانجپے کا اظہارِ خیال۔

☆ ملوکا کے تحت گرفتار والمک کراڑ کو 22 تاریخ تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم۔

اور۔۔۔☆ راجکوٹ ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں آئرلینڈ کو 304 رنوں سے شکست دیکر بھارت کی خواتین کی ٹیم نے سیریز تین۔صفر سے جیت لی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****